■ موسمی وبائی زکام سے خود کی اور دوسرے لوگوں کی حفاظت کریں – فلو کا ٹیکا لگوائیں۔

فلو کیا ہے؟

- یہ ایک انفیکشن ہوتا ہے جو فلو میں مبتلا کسی شخص کے کھانسنے، چھینکنے یا بات کرتے وقت اس کے منہ سے نکلنے والی چھینٹوں سے پھیلتا ہے۔
- بخار، گلے میں درد، کھانسی، سر درد، جسم میں درد، ناک بہنا اور تھکان وغیرہ اس کی علامات میں شامل ہیں۔

فلو سے جڑی بیماری کس حد تک پیچیدہ ہوتی ہے؟

- فلوعمومی طور پر دو تا سات دنوں کے درمیان خود بخود ٹھیک ہوجاتاہے۔ تاہم یہ چھوٹے بچوں اور بوڑھے لوگوں کو کمزور و ناتوان اور خطرناک طور پر بیمار کرسکتا ہے۔
- خطرناک وبائی زکام کا انفکیشن کبھی کبھی صحت مند لوگوں کو بھی اپنی گرفت میں لے لیتا ہے۔



خود کو فلو کا شکار ہونے سے بچنے کے لیے میں کیا کرسکتا ہوں؟

- صحت مند طرز زندگی کو اپنائیں اور ذاتی اور ماحولیاتی صفائی ستھرائی کو بہتر طور پر برقرار رکھیں
- فلو کا ٹیکا لگوائیں جو جراثیم اور وائرس والے ماحول میں رہنے کے باوجود بھی صحت مند لوگوں میں بیماری کو روکنے میں 70 تا 90% تک اثردار ہوتا ہے

میں فلو کا ٹیکا کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

اس متعلق آپ اپنے فیملی ڈاکٹر سے مشورہ کرسکتے ہیں۔ دریں اثنا حکومت نے مفت یا کم قیمتوں پر ٹیکے مہیا کرانے کے لیے متعدد پروگراموں اور اسکمیوں کا انعقاد کیا ہے:

1. گورنمنٹ ویکسینیشن پروگرام (GVP) - 1 نومبر 2012 سے شروع

GVP ضرورتمند لوگوں کو مفت فلو کے ٹیکے مہیا کراتا ہے، جیسے کہ:

- کمپرہینسیوسوشل سوسائٹی اسسٹنٹس (CSSA) حاصل کرنے والے خاندانوں سے 6 ماہ کی عمر سے 6 سال سے کم عمر تک بچے۔
- CSSA حاصل کرنے والے 50 سال یا اس سے زیادہ کی عمر والے لوگ
- CSSA حاصل کرنے والی حاملہ خواتین
- CSSA حاصل کررہے دائمی طبی پریشانی والے لوگ



2. چائلڈ ہوڈ انفلوئنزا ویکسینیشن سبسڈی اسکیم (CIVSS) اور ایلڈری ویکسینیشن سبسڈی اسکیم (EVSS) - 24 ستمبر 2012 سے شروع

اگر ہانگ کانگ کے مندرجہ ذیل باشندے نامزد پرائیوٹ ڈاکٹروں کو دیے گئے فلو کے ٹیکے لگواتے ہیں تو وہ حکومت سے سبسڈی حاصل کرسکتے ہیں۔ CIVSS اور EVSS کے لوگو کلنک میں لگائے جائیں گے:

- 6 ماہ کی عمر سے 6 سال سے کم عمر تک بچے؛ یا 6 سال یا اس سے زیادہ کے وہ بچے جوہانگ کانگ میں کنڈر گارٹن یا چائلڈ کیئر سینٹر کے ذریعے شامل ہوئے ہوں
- 65 سال یا اس سے زیادہ عمر والے ضعیف لوگ

GVP، CIVSS اور EVSS کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے کرم سینٹر فار ہیلتھ پروٹیکشن کی ویب سائٹ http://www.chp.gov.hk دیکھیں۔
پوچھ تاچھ: 2125 2125